پاکستانی زبانوں کے ادب میں امن و آشتی کا پیغام دوروزہ قومی کانفرنس

شعبہ پاکستانی زبانیں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

علامہ اقبال اوپن یونیوسٹی ملک کی واحد یونیورسٹی ہے، جس میں پاکستان میں بولی جانے والی تمام زبانوں کے فروغ اور تدریس کے لئے شعبہ پاکستانی زبانیں کاقیام 1998ء میں عمل میں لایا گیا ہے۔یہ شعبہ اگرایک طرف اپنے اہداف حصول کے لیے پاکستانی زبانوں کی تدریس اور تحقیق کے لیے میٹرک سے لےکر پی ایچ ڈی کی سطح تک مختلف کورسزاور پروگرامز پیش کررہا ہے،تو دوسری طرف اپنے مقاصد کی تکمیل کے لیےخصوصی مطبوعات،کلاسیکی شعرا کی ڈاکومینٹریز،قومی اوربین الاقوامی سیمی نارزاورکانفرنسز کا انعقاد، کثیرلسانی مشاعرے،ملٹی میڈیا،ریڈیو اورٹی وی پروگرامز جیسے اہم امورباقاعدگی سے سرانجام دے رہا ہے۔ ''پاکستانی زبانوں کے ادب میں امن و آشتی کا پیغام'' کے موضوع پر دوروزہ قومی کانفرنس کا انعقاد بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔یہ کانفرنس 7-8 ،اپریل 2017ءکوعلامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے مین کیمپس میں انعقاد پذیرہوں گی۔کانفرنس تھیم، مقاصد اور ذیلی موضوعات حسب ذیل ہیں:

تھیم:

پاکستان کی سبھی زبانیں علم وادب کاایک گنج گراں مایہ رکھتی ہیں۔ان زبانوں کاادب انسانی جذبات واحساسات کاترجمان ہونے کے ساتھ ساتھ امن،یکجہتی،بھائی چارے اوراعلیٰ انسانی اقدارکاامین بھی ہے۔ان زبانوں کے شعرا نے خیر کےفروغ اورمثبت اقدار کےاحیا کے لیے ہردورمیں ادب تخلیق کیا ہے۔امن وآشتی کے نغمے بھی پاکستانی زبانوں میں تواتر وتسلسل کے ساتھ گونجتے رہے ہیں۔کلاسیکی عہد سے لےکرلمحہ موجودتک تمام پاکستانی زبانوں کے ادب میں امن کا پیغام موجود ہے۔اس پیغام کی معنویت عہدِ حاضر میں مزید روشن ہوئی ہے،اس لیےاس پیغام کوعام کرناموجودہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔

مقاصد:

- ☆ پاکستان کی مختلف زبانوں میں امن وآشتی کے پیغام کی تحقیق کے لیے راستے ہموارکرنا۔
- ☆ پاکستان کی زبانوں میں موجودامن وآشتی کے پیغام کوفروغ دینا۔
- ☆ پاکستان کی زبانوں میں امن وآشتی کےمشترک رجحانات کی نشاندہی کرنا۔

ذیلی عنوانات/موضوعات

- ☆ کلاسیکی شاعری میں اخلاقی اقدار کی پیش کش
- ☆ کلاسیکی شاعری میں انسانیت کےتصورات
- ☆ ادب اور سماج

☆ دہشت گردی اور عصرِ حاضر کے دیگر مسائل
☆ پاکستانی ادب کے اہم رجحانات
☆ معاشرے کی تعمیر میں ادب کا کردار
☆ مادیت پرستی اور پاکستانی زبانوں کا ادب

کانفرنس میں شرکت کے خواہش مند محققین/اسکالر اور طلبہ کانفرنس کا بنیادی تھیم، مقاصد اور ذیلی موضوعات/عنوانات کو پیش نظر رکھتے ہوئے مقالے کا خلاصہ (Abstract) مقررہ تاریخ کے دوران میں بھیج سکتے ہیں۔

اہم تاریخیں:

☆ خلاصہ بھیجنے کی آخری تاریخ: 15 فروری، 2017ء
☆ مقالہ بھیجنے کی آخری تاریخ: 20 مارچ، 2017ء
☆ کانفرنس کی تاریخ: 7-8 اپریل، 2017ء

کانفرنس آرگنائیزنگ کمیٹی:

۱۔ ڈاکٹر عبداللہ جان عابد (چیئرمین)
۲۔ ڈاکٹر حاکم علی برڑو (رابطہ کار)
۳۔ ضیاء الرحمٰن بلوچ ممبر
۴۔ ڈاکٹر محمد صدیق ملک ممبر
۵۔ زیب النساء ممبر
۶۔ ڈاکٹر عبدالواجد (سیکرٹری)

رابطہ معلومات:

شعبہ پاکستانی زبانیں بلاک نمبر 5،
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
ای میل: hakim.ali@aiou.edu.pk
ویب سائیٹ: www.aiou.edu.pk
فون نمبر: 051-9250071
سیل نمبر: 0321-9838636
0333-2321798